اظہار الحق الجلی

تصنیف لطیف:۔
اعلیٰ حضرت مجدد امام احمد رضا بریلوی

ALAHAZRAT NETWORK
اعلیٰحضرت نیٹ ورک
www.alahazratnetwork.org

ALAHAZRAT NETWORK
اعلیٰحضرت نیٹ ورک
www.alahazratnetwork.org

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اظہار الحق الجلی

تصنیف
اعلیحضرت امام اہلِ سنت مجدد دین وملت
مولانا شاہ احمد رضا قادری رضی اللہ تعالٰی عنہ

بفیض حضور مفتی اعظم علامہ شاہ محمد مصطفٰے رضا قادری نوری رضی اللہ تعالٰی عنہ

رضا اکیڈمی ۲۶ کامبیکر اسٹریٹ ممبئی ۳
فون: ۳۷۰۲۲۹۶

سلسلہ اشاعت نمبر ۱۲۷

کے پیشوا نذیر حسین کے شاگرد نے بعد نظر ثانی کے مطبع نولکشور میں دوبارہ چھپوائی اس کے صفحہ ۱۷ پر صاف لکھا ہے کہ پھوپھی کے ساتھ نکاح درست ہے! ان کے یہاں خون اور شراب اور سور کی چربی ناپاک نہیں۔ جیسا کہ ان کی روضۂ ندیہ صفحہ ۱۲ وغیرہ سے ثابت ہے۔

سوال ۱۳: قیاس ابو حنیفہ کے خلاف و باطل کہنے والے کو کیا لکھا ہے؟

جواب: فتاوٰی عالمگیری وغیرہ میں ہے جو شخص امام ابو حنیفہ کے قیاس کو حق نہ مانے وہ کافر ہے۔

سوال ۱۴: غیر مقلدین کے پیشواؤں نے بزرگان دین و فقہائے کرام و مقلدین مصلائے اربعہ کی نسبت اور نیز قبہ مبارک (حضور صاحب لولاک صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے بارے میں کیا لکھا ہے؟

جواب: ان کے پیشوا صدیق حسن خاں وغیرہ نے شرک و بدعت و مشرک لکھا ہے۔

سوال ۱۵: نواب صدیق حسن خاں نے خلیفۂ ثانی حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ کی شان میں کیا بے ادبی کے کلمات لکھے ہیں؟

جواب: اپنی کتاب انتقاد الرجیح کے غالبًا صفحہ ۶۲ پر صریح گمراہ بتایا ہے کہ انہوں نے جماعت تراویح کو رواج دیا اور خود اسے بدعت کہہ کر اچھا بتایا حالانکہ کوئی بدعت قابل ستائش نہیں۔ سب گمراہی ہے۔

سوال ۱۶: شیخین کو جو گالی دینے والا ہے اس کے بارے میں اکابر اہلسنت کی کیا رائے ہے؟

جواب: جو شخص ابو بکر صدیق یا عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو برا کہے بہت سے آئمہ نے اسے کافر کہا ہے۔ اور اس قدر پر تو اجماع ہے کہ ایسا شخص بد دین ہے دیکھو تنویر الابصار، در مختار فتاوٰی عالمگیری، فتاوٰی خلاصہ فتح القدیر، اشباہ و بحر الرائق، غنیہ، عقود الدریہ وغیرہ۔

سوال ۱۷: ایسا کہنے والے کو احتیاطاً کافر نہ کہیں تو مبتدع کہہ سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب: ضرور مبتدع و گمراہ ہیں۔

سوال ۱۸: حنفیوں کی نماز شافعی المذہب کے پیچھے جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اس میں بہت اختلاف ہے اور صحیح یہ ہے کہ شافعی نے اگر فرائض و شرائط حنفی کی رعایت نہ کی تو اس کے پیچھے حنفی کی نماز جائز نہیں۔ دیکھو بحرالرائق اور ردالمحتار وغیرہ اور فتاویٰ عالمگیری وغیرہ میں یہ بھی قید لگائی کہ وہ حنفی کے ساتھ تعصب نہ رکھتا ہو۔ ورنہ اس کے پیچھے نماز منع ہے۔

سوال ۱۹: حنفیوں کی نماز غیر مقلدین کے پیچھے جائز ہے کہ نہیں؟

جواب: نہیں جائز ہے۔ اس لئے کہ غیر مقلدین اہل اہواسے ہیں جس کا بیان ابھی گذرا۔ اور اہل اہوا کے پیچھے نماز جائز نہیں ہے۔ فتح القدیر شرح ہدایہ میں ہے کہ امام محمد امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف سے روایت فرماتے ہیں کہ اہل اہوا کے پیچھے نماز ناجائز ہے اور ان کے مذہبی مسئلے اس قدر مخالف ہیں کہ ہمارے مذہب میں نہ ان کی طہارت ٹھیک ہوتی ہے اور نہ نماز۔ کہ یہ مردار اور سور کی چربی تک کو ناپاک نہیں جانتے ہیں اور کٹورے بھر پانی میں چھ ماشہ پیشاب پڑجائے تو اسے پاک سمجھتے ہیں۔ ان کا مذہب یہ ہے کہ جب تک اتنی نجاست نہ پڑے کہ پانی کا رنگ، مزہ، بو بدل جائے اس وقت تک پانی پاک رہے گا۔ دیکھو غیر مقلدین کی کتاب فتح المغیث صفحہ ۵ اور طریقہ محمدیہ صفحہ ۶، ۷

سوال ۲۰: کیا حرمین شریفین میں چاروں مذہب کے اہلسنت وجماعت غیر مقلدوں کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں؟

جواب: یہ محض غلط ہے۔

سوال ۲۱: مولوی نذیر حسین پیشوائے غیر مقلدین جب مکہ معظمہ گئے تھے حاکم مکہ نے ان کے ساتھ کیا معاملہ کیا تھا؟